نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی ساہو کی زیر صدارت بہاولپور اور ملتان میں ڈویژنل کاٹن مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد

لاہور 12اگست 2023(   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ رواں ماہ کاٹن مینجمنٹ کے لئے نہایت اہم ہے جس میں کپاس کی پیسٹ سکاؤٹنگ ،سرویلنس اور ضرر رساں کیڑوں کے حملہ کا بروقت کنٹرول کے علاوہ پودوں کی غذائی ضروریات کوملحوظ خاطر رکھنا اور کپاس کے پیداواری ریکارڈ کا مرتب کرنا شامل ہے۔اس ضمن میں تمام ڈائریکٹرز فیلڈ انسپکشن کو بڑھائیں اور ڈویژنل ایکسپرٹ گروپس کے ہمراہ فیلڈ میں جا کر کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کریں۔اس کے علاوہ جیننگ فیکٹریوں میں کپاس کی آمد و ترسیل کا مکمل ریکارڈ مرتب کیا جائے تا کہ ان نتائج کی روشنی میں آئندہ فصل کے لئے بہتر حکمت عملی تیار کی جا سکے۔وہ آج کمشنر آفس بہاولپور اور ملتان میں ڈویژنل کاٹن مینجمنٹ سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں کمشنر بہاولپور ڈویژن ڈاکٹر احتشام انور، ڈپٹی کمشنر بہاولپور ظہیر انور جپہ ،ڈائریکٹر جنرل زراعت(توسیع) ڈاکٹر انجم علی،ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) پنجاب رانا فقیر احمد، ڈائریکٹر زراعت توسیع بہاولپور جمیل غوری،ڈاکٹر اقبال بندیشہ و دیگر افسران نے شرکت کی۔اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب کو بتایا گیا کہ امسال بہاولپور ڈویژن میں 21 لاکھ 32 ہزار ایکڑ رقبہ پر کاشتہ کپاس کی مجموعی صورتحال اچھی ہے۔کپاس کی اگیتی فصل کی چنائی کا عمل جاری ہے اور امسال گزشتہ سال کی نسبت بہتر پیداوار حاصل ہو رہی ہے۔بہاولپور ڈویژن میں 15 جیننگ فیکٹریاں کام کر رہی ہیں اور اب تک ریکارڈ پھٹی جیننگ فیکٹریوں میں پہنچی ہے۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) ڈاکٹر انجم علی نے بتایا کہ بہاولپور ڈویژن میں سفید مکھی اور گلابی سنڈی کا حملہ کہیں کہیں مشاہدہ میں آیا ہے لیکن وہ نقصان کی معاشی حد تک نہیں آیا ہے اور رپورٹ ملنے پر زراعت توسیع و پیسٹ وارننگ کی ٹیمیں اس کا فوری تدارک کر رہی ہیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے ہدایت کی انھوں نے مزید کہا کہ کپاس کے جن علاقوں میں ہاٹ ایریا رپورٹ ہوئے ہیں وہاں ڈویژنل ڈائریکٹرز اپنی نگرانی میں سپرے کروائیں۔موسم برسات میں کپاس کے تحفظ کے لئے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کی جائے اور گلابی سنڈی کے کنٹرول کے لئے جنسی پھندوں کا استعمال کیا جائے۔بعد ازاں سیکرٹری زراعت پنجاب نے ملتان ڈویژن میں کپاس کی موجودہ صورتحال کیلئے کمشنر آفس ملتان میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے میاں چنوں اور جہانیاں میں سفید مکھی اور گلابی سنڈی کی ہاٹ سپارٹ بڑھنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان دونوں علاقوں میں قریباً 1 لاکھ 50 ہزار ایکڑ رقبہ پر کپاس کی بڑھوتری کا عمل جاری ہے ضرر رساں کیڑوں کے کنٹرول کے لئے فوری اقدامات کیے جائیں اور اس ضمن میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ایک سوال کے جواب میں سیکرٹری زراعت کو بتایا گیا کہ ملتان ڈویژن میں 47 جیننگ فیکٹریاں کام کر رہی ہیں انھوں نے مزید کہا کہ مارکیٹ کمیٹی کے پاس کپاس کی آمد کا مکمل ریکارڈ ہونا چاہیے اور جیننگ فیکٹریوں میں کپاس کے ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی جائے۔انھوں نے اس ضمن میں ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع کو پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن اور ڈائریکٹر جنرل پامرا کو آن بورڈ لینے کی ہدایت کی۔اجلاس میں کمشنر ملتان ڈویژن انجنیئر عامر خٹک و ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب رائے مدثر عباس سمیت دیگر افسران نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر لودھراں، وہاڑی اور خانیوال نے ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔

☆☆☆☆